روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
جمعرات 3 جون 2010ء 19 جمادی الثانی 1431 ہجری 3 احسان 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 119

طلحۃ الشلاء

جنگ احد میں دشمن ہجوم کرکے رسول اللہ پر حملہ آور ہوتے تو حضرت طلحہؓ شیروں کی طرح ایسے جھپٹتے کہ دشمن کو پیچھے ہٹنے پر مجبور کرکے آپ رسول اللہ کو ان کے نرغے سے نکال لاتے۔ایک دفعہ ایک ظالم نے کسی ہلّہ میں موقع پاکر رسول کریم ﷺ پر تلوار کا بھرپور وار کیا۔ حضرت طلحہؓ نے اپنے ہاتھ پر لیا اور انگلیاں کٹ کر رہ گئیں تو زبان سے کوئی آہ نہیں نکلی بلکہ کہا کہ بہت خوب ہوا کہ طلحہ رسول خدا ﷺ کی حفاظت میں ''ٹنڈا'' ہوگیا۔ آپؓ ''طلحۃ الشلاء'' کے نام سے مشہور ہوگئے۔ یعنی ٹنڈا طلحہ اور بجا طور پر آپ کو حفاظت رسولؐ میں ٹنڈا ہونے پر فخر تھا۔

(اسدالغابہ جلد3 ص59)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

منجملہ انسان کے طبعی امور کے ایک صبر ہے جو اس کو ان مصیبتوں اور بیماریوں اور دکھوں پر کرنا پڑتا ہے جو اس پر ہمیشہ پڑتے رہتے ہیں۔اور انسان بہت سے سیاپے اور جزع فزع کے بعد صبر اختیار کرتا ہے۔لیکن جاننا چاہئے کہ خدا کی پاک کتاب کے رو سے وہ صبر اخلاق میں داخل نہیں ہے۔ بلکہ وہ ایک حالت ہے۔ جو تھک جانے کے بعد ضرورتاً ظاہر ہوجاتی ہے یعنی انسان کی طبعی حالتوں میں سے یہ بھی ایک حالت ہے کہ وہ مصیبت کے ظاہر ہونے کے وقت پہلے روتا چیختا سر پیٹتا ہے۔ آخر بہت سا بخار نکال کر جوش تھم جاتا ہے۔اور انتہا تک پہنچ کر پیچھے ہٹنا پڑتا ہے۔ پس یہ دونوں حرکتیں طبعی حالتیں ہیں ان کو خلق سے کچھ تعلق نہیں۔ بلکہ اس کے متعلق خلق یہ ہے کہ جب کوئی چیز اپنے ہاتھ سے جاتی رہے تو اس چیز کو خداتعالیٰ کی امانت سمجھ کر کوئی شکایت منہ پر نہ لاوے۔اور یہ کہہ کر کہ خدا کا تھا خدا نے لے لیا اور ہم اس کی رضا کے ساتھ راضی ہیں۔اس خلق کے متعلق خداتعالیٰ کا پاک کلام قرآن شریف ہمیں یہ تعلیم دیتا ہے..........

یعنی اے مومنو! ہم تمہیں اس طرح پر آزماتے رہیں گے۔ کہ کبھی کوئی خوفناک حالت تم پر طاری ہوگی اور کبھی فقروفاقہ تمہارے شامل حال ہوگا اور کبھی تمہارا مالی نقصان ہوگا۔اور کبھی جانوں پر آفت آئے گی۔اور کبھی اپنی محنتوں میں ناکام رہوگے اور حسب المراد نتیجے کوششوں کے نہیں نکلیں گے اور کبھی تمہاری پیاری اولاد مرے گی۔ پس ان لوگوں کو خوشخبری ہو کہ جب ان کو کوئی مصیبت پہنچے تو وہ کہتے ہیں۔کہ ہم خدا کی چیزیں اور اس کی امانتیں اور اس کے مملوک ہیں۔ پس حق یہی ہے کہ جس کی امانت ہے اس کی طرف رجوع کرے۔ یہی لوگ ہیں جن پر خدا کی رحمتیں ہیں اور یہی لوگ ہیں جو خدا کی راہ کو پاگئے۔

غرض اس خلق کا نام صبر اور رضا بر رضائے الٰہی ہے۔اور ایک طور سے اس خلق کا نام عدل بھی ہے کیونکہ جبکہ خدائے تعالیٰ انسان کی تمام زندگی میں اس کی مرضی کے موافق کام کرتا ہے اور نیز ہزار ہا باتیں اس کی مرضی کے موافق ظہور میں لاتا ہے اور انسان کی خواہش کے مطابق اس قدر نعمتیں اس کو دے رکھی ہیں کہ انسان شمار نہیں کرسکتا تو پھر یہ شرط انصاف نہیں۔کہ اگر وہ کبھی اپنی مرضی بھی منوانا چاہے۔ تو انسان منحرف ہو۔اور اس کی رضا کے ساتھ راضی نہ ہو۔اور چون وچرا کرے یا بے دین اور بے راہ ہوجائے۔ (اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد10 ص 361)

مارگیج پر مکان کی خرید

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 15 جون 2007ء کے خطبہ جمعہ میں ارشاد فرمایا کہ

''صرف اپنی رہائش کیلئے بامر مجبوری مارگیج پر مکان خریدا جاسکتا ہے لیکن کاروبار کی غرض سے مارگیج پر مکان خریدنے کی اجازت نہیں ہے۔''

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

طلباء کے والدین متوجہ ہوں

نظارت تعلیم کے تمام تعلیمی ادارہ جات میں موسم گرما کی تعطیلات کردی گئی ہیں، چونکہ یہ تعطیلات اچانک کرنی پڑی ہیں اس لئے سکول کی طرف سے طلبہ کو کچھ معلومات نہیں دی جاسکیں، جس میں تعطیلات کا کام اور اس کے بعد ہونے والے امتحانات کا نصاب وغیرہ شامل ہے۔اس حوالہ سے والدین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے بچوں کے متعلقہ سکول سے رابطہ کرکے تمام معلومات حاصل کرلیں۔

(نظارت تعلیم)

ماہر امراض معدہ وجگر کی آمد

مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ وجگر مورخہ 6 جون 2010ء کو آؤٹ ڈور گراؤنڈ فلور فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ضرورتمند احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ وہ ڈاکٹر صاحب کی خدمات سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے قبل از وقت اپنی رجسٹریشن کروالیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

کیا یہ ”یوم تکبیر“ تھا؟

امجد اسلام امجد اپنے کالم چشم تماشا میں لکھتے ہیں:

28 مئی کی دوپہر تک یہ دن اہل پاکستان کے لئے ایک ایسا دن تھا جسے وہ بڑے فخر سے یوم تکبیر کے نام سے یاد کرتے تھے کہ جس نے نہ صرف انہیں دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت کا درجہ دیا بلکہ اپنے تیزی سے ترقی کرتے اور جارحیت پر اترے ہوئے ہمسائے کے ساتھ ایک مخصوص حوالے سے برابر کی سطح پر بھی لا کھڑا کیا۔ اگرچہ گزشتہ بارہ برس میں ہم نے اس مقام سے گرنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے اور اس کارنامے کے دو بنیادی کرداروں کو ذلیل و خوار اور ملک بدر کرنے کے ساتھ ساتھ امریکہ کی شروع کرائی ہوئی وار آن ٹیرر میں اس کے چمچے کا رول ادا کر کے اپنے ملک کو دہشت گردی کی آماجگاہ بنا دیا ہے۔ اپنی پُرامن شمالی سرحدوں کو اگر ہمیشہ کے لئے نہیں تو ایک طویل عرصے کے لئے ایک ایسی آگ کے شعلوں کی نذر کر دیا ہے جس نے ہماری قومی سلامتی اور معیشت کو جھلسا کے رکھ دیا ہے اور ہم بحیثیت قوم مذہبی انتہا پسندی کی ایک ایسی دلدل میں دھنستے چلے جا رہے ہیں جو اپنی نوعیت میں تو شاید نئی نہیں لیکن پھیلاؤ، گہرائی اور تباہ کاری کے اعتبار سے اس کی کوئی مثال ہماری اب تک کی تاریخ میں نہیں ملتی۔

مختلف مذہبی فرقوں میں نظریاتی اختلاف کی تاریخ بہت پرانی سہی لیکن ان میں جو شدت امریکہ میں ہونے والے نائن الیون کے حادثے کے بعد دیکھنے میں آئی ہے وہ ایک بالکل نئی صورتحال ہے کہ اب یہ انتہا پسندی مقامی فرقہ وارانہ اختلافات کی سطح سے اٹھ کر طالبان اور القاعدہ جیسی جماعتوں کے توسط سے پورے عالم اسلام کا استعارہ بن گئی ہے۔ جہاں تک قادیانی جماعت اور اس کے نظریات اور اعتقادات کا تعلق ہے یہ شروع میں برصغیر کا ایک مقامی مسئلہ تھا جو پاکستان بننے کے بعد یہ قومی مسئلہ بن گیا اور تمام مذہبی جماعتیں اور فرقے اس کی مخالفت میں یک زبان ہو کر احمدی جماعت کو خارج از اسلام ٹھہرانے کی جدوجہد میں شامل ہو گئے اور بالآخر ذوالفقار علی بھٹو کے زمانے میں اس گروہ کو کافر اور غیر مسلم قرار دلوانے میں کامیاب ہو گئے۔ اب صورتحال یوں ہے کہ اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ وہ حضور رسالت مآب کو پیغمبر آخر الزمان ماننے کے ضمن میں ڈنڈی مارتے ہیں تب بھی انہیں خارج از اسلام قرار دینے کے بعد اس مسئلے کو اصولی طور پر ختم ہو جانا چاہئے تھا کہ پاکستان میں برابر کے انسانی اور شہری حقوق رکھنے والی دیگر اقلیتیں بھی تو اپنے اپنے مذہبی عقائد پر کاربند رہنے میں آزاد ہیں اور ظاہر ہے ان عقائد میں مسلمانوں سے مختلف ہیں۔ تاریخ اسلام اور حضورؐ کی حیات طیبہ کا مطالعہ ہمیں بتاتا ہے کہ مدینہ کی اسلامی ریاست میں بھی ہر طرح کے عقیدے رکھنے والے غیر مسلموں کو اس بات کی مکمل آزادی تھی اور جہاں تک ان کے ساتھ اس حوالے سے معاملات کا تعلق ہے تو اس کے حوالے سے یہی مثال کافی ہے کہ آپؐ نے ایک عیسائی وفد کو مسجد نبوی میں اپنے عقیدے کے مطابق عبادت کرنے کی اجازت دی تھی۔

سو یہ بات طے ہے کہ پاکستان کے آزاد شہری ہونے کے حوالے سے قادیانیوں کو ہر وہ آزادی حاصل ہے اور ہونی چاہئے جو ان کا بنیادی حق ہے۔ کیسی عجیب بات ہے کہ ایک طرف ہمارے مختلف عقائد رکھنے والے تمام دینی گروہ اسلام کو امن اور سلامتی کا مذہب کہتے ہیں اور دوسری طرف انہی میں سے کچھ شدت پسند اپنے ہی رسول کے بتائے ہوئے طریقے کے برخلاف دوسروں کو امن، چین اور آزادی سے زندہ رہنے کا حق نہیں دیتے۔ اس میں شک نہیں کہ ضیاء الحق کے زمانے میں اس کی مذہبی پالیسیوں کی وجہ سے بعض اسلامی ممالک مثلاً سعودی عرب، ایران، عراق، شام اور لیبیا نے اپنے مخصوص مذہبی عقائد کے فروغ کے لئے پاکستان کے مختلف دینی مدرسوں کی مالی سرپرستی میں غیر معمولی اضافہ کر دیا جس سے ہمارے یہاں پہلے سے موجود فرقہ واریت کو مزید ہوا ملی۔ پاکستان کی دشمن کچھ اور بیرونی قوتوں نے بھی اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے مذہب کے کارڈ کو استعمال کیا جبکہ عالمی سطح پر ماضی قریب کی دو سپر پاورز یعنی سوویت روس اور امریکہ نے بھی افغان وار کے دوران براہ راست یا بالواسطہ ان مذہبی جماعتوں کو اپنے مقاصد کے لئے استعمال کیا اور ایک ایسا سکہ ایجاد کیا جس کے ایک طرف جہاد اور دوسری طرف دہشت گردی نقش تھے اور پھر اسی کرنسی کی آڑ میں طالبان اور القاعدہ کے گروہ پیدا کئے گئے جن کا نظریاتی دشمن تو امریکہ ہے مگر جن کی ساری لڑائی طرح طرح کے فلسفوں کی آڑ میں اپنے ہی مسلمان بھائیوں سے ہے اور جن کے نام پر یہ نام نہاد اسلام کے محافظ مسجدوں میں سجدہ ریز معصوم اور بے گناہ لوگوں کے خون سے ہولی کھیلتے ہیں۔

قادیانیوں کی عبادت گاہوں پر یہ حالیہ حملے اسی تسلسل کی کڑی ہونے کے ساتھ ساتھ کچھ یورپی ممالک کے چند انتہا پسندوں کی ان گستاخانہ حرکتوں سے بھی مربوط نظر آتے ہیں جن کی وجہ سے عالم اسلام اور بالخصوص پاکستان میں ایک ردعمل شدت پکڑ رہا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مسلمان شخصی آزادی کے نام نہاد نعرے کی آڑ میں توہین رسالت مآب کی اس شرمناک مہم کے جواب میں بجا طور پر اپنے غم و غصے کا اظہار کر رہے ہیں اور ان کے اس ردعمل نے فیس بک کے حوالے سے پیدا ہونے والی صورتحال میں اس طرح کے لوگوں کو پسپا ہونے پر مجبور بھی کر دیا ہے۔ لیکن اس طرح کے شیطانی منصوبوں کے ماسٹر مائنڈ آسانی سے ہار ماننے والے نہیں۔ انہوں نے قادیانیوں کی عبادت گاہوں پر حملے کرا کے ایک دفعہ پھر بال مسلمانوں کے کورٹ میں پھینک دیا ہے اور دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ جو قوم کسی دوسرے مذہب یا عقیدے کے لوگوں کو زندہ رہنے کا حق نہیں دیتی وہ اس قابل کیسے ہو سکتی ہے کہ کسی مذہبی معاملے کے حوالے سے اس کی بات پر کان دھرا جائے!

ہم سب کو سوچنا چاہئے کہ مذہبی انتہا پسندی اور شدت کا یہ رویہ ہمیں کس طرف کو لے جا رہا ہے **کیا ہمارے رحمۃ للعالمین نبی محترمؐ کی تعلیمات کسی مسلمان کو ایسی بہیمانہ کارروائی کی اجازت دیتی ہیں اور اگر نہیں تو کیا یہ اپنی جگہ پر ایک طرح سے ان کی تعلیمات کے خلاف نہیں۔**

(روزنامہ ایکسپریس 30 مئی 2010ء)

خاک و خون کا طوفاں

بے سبب عداوت میں
بے جہت شقاوت میں
کج روی کی وحشت میں
گمرہی کی ظلمت میں
آتش بولہبی کو کچھ نظر نہیں آتا

خاک و خون کا طوفاں
میری چشم تر حیراں
کچھ نظر نہیں آتا
جی سنبھل نہیں پاتا

اس اداس منظر میں
میرے غم زدہ دل میں
درد نے دعا ہو کر
چشم دل نے وا ہو کر
مرے خوں سے تابندہ
کل جہان دیکھا ہے
دشتِ خاک و آتش پر
گلستان دیکھا ہے

مبشر احمد محمود

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ
مطبع: ضیاء الاسلام پریس
مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ
قیمت 5 روپے

ماخوذ......................مرسلہ: پروفیسر راجا نصر اللہ خاں صاحب

قائداعظمؒ پر ایک اعتراض کی حقیقت

نوٹ:۔ قائداعظم محمد علی جناحؒ کے ایک سابقہ اے ڈی سی مسٹر عطا ربانی نے اپنی کتاب (The Sun Shall Rise) میں قائداعظم کے متعلق (مسٹر جناح کی طرف سے سرزد ہونے والی تین غلطیاں) کے تحت صفحہ 15 سے صفحہ 18 تک، سوا تین سے زائد صفحات قائداعظمؒ کی ان تین غلطیوں کا ذکر کیا ہے۔ قائداعظمؒ پر عطا ربانی کے پہلے اعتراض کا جواب جو کہ محقق و ممتاز صحافی منیر احمد منیر کی تازہ کتاب ''قائداعظم۔ اعتراضات اور حقائق'' سے صفحہ 146 تا 155 سے ماخوذ ہے۔ قارئین کی خدمت میں ازدیاد علم کے لئے پیش ہے۔

قائداعظم کی پہلی غلطی کے حوالے سے عطا ربانی رقم طراز ہیں۔

''مسٹر جناح سے عوامی زندگی میں پہلی غلطی 15/ اگست 1947ء کو سرزد ہوئی جب گورنر جنرل کی حیثیت سے انہوں نے ایک غیر منتخب بیوروکریٹ ملک غلام محمد کو وفاقی وزیر برائے خزانہ مقرر کیا ہے۔ بعد ازاں انہوں نے ایک اور غیر منتخب شخص چوہدری سر محمد ظفر اللہ کو وزیر خارجہ نامزد کیا۔ یہ دونوں نامزدگیاں پارلیمنٹری پریکٹس، حتیٰ کہ خود مسٹر جناح کے جمہوری اصولوں سے ٹکراتی تھیں''۔

عطا ربانی 2008ء میں غیر منتخب ملک غلام محمد اور چوہدری سر محمد ظفر اللہ خاں صاحب کو بطور وزرا تقرری پر اعتراض کرتے ہیں تو بظاہر یہ غیر جمہوری اور غیر پارلیمانی اقدام ہی دکھائی دیتا ہے، **حالانکہ جب ان دو اشخاص کو وزیر خزانہ اور وزیر خارجہ نامزد کیا گیا اس وقت جو ملک میں عبوری آئین نافذ تھا اس میں ایسی کوئی شق نہیں تھی کہ غیر منتخب شخص کو وزیر نامزد نہیں کیا جاسکتا**، بلکہ پاکستان کے پہلے چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ایوب خاں کے زمانۂ اقتدار میں 62ء کا جو آئین بنایا گیا اس میں یہ تھا کہ وزیر اسمبلی کا رکن نہیں ہوسکتا۔ اگر کسی رکن اسمبلی کو وزیر بنایا بھی گیا تو اسے اپنی اسمبلی کی رکنیت چھوڑنا پڑے گی اور اس حلقے میں ضمنی انتخاب ہوگا۔

جب 15/ اگست 1947ء کو نافذ آئین میں وزیر بننے کے لئے اسمبلی ممبر ہونا لازمی نہ تھا تو ملک غلام محمد اور چودھری ظفر اللہ خاں کی نامزدگی کو پارلیمنٹری پریکٹس اور خود قائداعظمؒ کے جمہوری اصولوں کی ضد کیسے کہا جا سکتا ہے؟ آج کا آئین 47ء میں آپ کیوں لاگو کرتے ہیں۔ ہر چیز کو اس وقت کے سیاق و سباق میں دیکھنا چاہئے۔ جس طرح کہ صفحہ 12 پر عطا ربانی لکھتے ہیں کہ 1913ء میں قائداعظمؒ نے آل انڈیا مسلم لیگ کی رکنیت اختیار کی۔ اس طرح وہ آل انڈیا کانگریس اور آل انڈیا مسلم لیگ دونوں جماعتوں کے ممبر ہو گئے۔ کل کو کوئی اور عطا ربانی قائداعظمؒ کی بہ یک وقت دونوں جماعتوں کی رکنیت کو بھی غیر جمہوری کہہ سکتا ہے، حالانکہ تب یہ چیز جائز اور رائج تھی۔ آج آپ بہ یک وقت دو سیاسی جماعتوں کا رکن نہیں ہوسکتے۔

عطا ربانی صاحب نے آل انڈیا کانگریس لکھا ہے۔ اس کا نام انڈین نیشنل کانگریس تھا۔ بہرحال لیکن مسٹر عطا ربانی کی ان چند جملوں سے تشفی نہیں ہوتی۔ اس کے فوراً بعد وہ لکھتے ہیں: ''ممکن ہے انہوں نے ملک کی بھلائی کے لئے لیجسلیچر سے باہر دستیاب ٹیلنٹ استعمال کرنے کا راستہ نکالا ہو، جس طرح کہ انہوں نے 40 کی دہائی کی جدوجہد کے دوران میں ''اپنی جیب کے کھوٹے سکوں'' کو مؤثر انداز میں استعمال کیا تھا۔''

قائداعظمؒ کو غیر معمولی سٹیٹس میں، سیاسی دانش کے حوالے سے بے مثل اور یکتا اور سیاسی ولی قرار دینے کے باوجود جب ان دو افراد کی نامزدگی پر قائداعظمؒ کے لئے عطا ربانی فرماتے ہیں: ''ممکن ہے انہوں نے ملک کی بھلائی کے لیجسلیچر سے باہر دستیاب ٹیلنٹ استعمال کرنے کا راستہ نکالا ہو'' تو اس کا مطلب ہے مسٹر عطا ربانی قائداعظمؒ کی سیاسی دانش کو بے مثل اور یکتا ماننے کے باوجود ''ممکن ہے'' کا شکار ہیں۔

بقول عطا ربانی، قائداعظمؒ نے یہ نامزدگیاں 1947ء کو کیں۔ لیکن 61 برس بعد 2008ء میں اپنی اس کتاب کے ذریعے عطا ربانی تجویز دیتے ہیں: ''وزیر خزانہ کے معاملے میں گورنر جنرل کے لئے دو آپشن اوپن تھے۔ ایک یہ کہ وزارت عظمی کی ذمہ داریوں کے ساتھ نوابزادہ لیاقت علی خاں کو وزیر خزانہ کے طور پر بھی برقرار رکھا جا سکتا تھا۔ دوم، کسی دوسرے سیاستدان کو، جسے مالیات کی سوجھ بوجھ تھی، وزیر خزانہ مقرر کر دیا جاتا اور اس کی سر آرچ بالڈر ولینڈز (Sir Archibald Rowlands) کی سرپرستی میں تربیت کی جاتی جو ہندوستان میں وائسرائے کی کونسل کے آخری ممبر فنانس تھے۔ جن کی مسٹر جناح نے مشیر مالیاتی امور کے طور پر بطور خاص خدمات مستعار لی تھیں''۔

اس ضمن میں پہلی بات یہ کہ مسٹر عطا ربانی 61 برس بعد یہ تجویز کیوں دے رہے ہیں جب اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ اگر ان میں صلاحیت اور ہمت تھی تو انہوں نے یہ تجویز گورنر جنرل قائداعظم محمد علی جناحؒ کو اس وقت کیوں نہ دی، جب وہ 15 اگست 1947ء سے ہفتہ عشرہ پہلے ہی ان کے اے ڈی سی مقرر ہو چکے تھے۔ باقی رہا لیاقت علی خاں کے وزارت خزانہ برقرار رکھنے کا معاملہ، تو لیاقت علی خاں پر پہلے ہی بڑا بھاری تھا۔ وہ وزیراعظم ہونے کے ساتھ وزیر دفاع اور وزیر خارجہ بھی تھے۔ قائداعظمؒ نے چوہدری ظفر اللہ خاں کی بطور وزیر خارجہ نامزدگی 25 دسمبر 1947ء کو کی تھی۔ ایسے میں یہ کیسے ممکن تھا کہ انہیں وزارت خزانہ کا اضافی محکمہ بھی دے دیا جاتا جو سراسر ٹیکنیکل اور ایک نوزائیدہ مملکت کے لئے حساس، نازک اور بھاری بھرکم ہونے کے باعث اضافی نہیں ہوسکتا تھا۔ یہ کل وقتی تھا، بالخصوص ایک نوزائیدہ مملکت کے لئے تو اس کے لئے ایک کل وقتی، انتھک اور ماہر فرد کی ضرورت تھی۔ ملک غلام محمد میں ان خوبیوں سے کسی کو انکار نہیں۔

.... دراصل عطا ربانی غلام محمد کے گورنر جنرل کی حیثیت سے غیر جمہوری اقدامات پر نالاں ہیں۔ اگر ایک شخص بعد کے ایام میں کوئی غلط قدم اٹھاتا ہے، اس سے کہاں یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس کے اچھے اقدامات بھی غلط تھے یا سرے سے اس کا انتخاب ہی غلط تھا۔ عطا ربانی کے نزدیک غلام محمد کا بطور وزیر خزانہ اور چودھری سر محمد ظفر اللہ خاں کا بطور وزیر خارجہ انتخاب ہی غلط تھا، لیکن وہ غلام محمد کو سرتاپا اغلاط اور لغزشوں کا مجموعہ قرار دیتے ہیں اور سر چوہدری محمد ظفر اللہ خاں کی زبردست تحسین کرتے ہیں کہ وہ غلام محمد کے برعکس ''قائدؒ کی توقعات پر پورا اترے اور ملک کے لئے ایک عظیم اثاثہ رہے'' اور یہ کہ **''سر محمد ظفر اللہ عالمی سطح پر معروف تھے۔ ہیگ میں عالمی عدالت انصاف کے چیف جسٹس رہے۔ اقوام متحدہ کے تحت کئی بین الاقوامی فورموں کے رکن کے طور پر ممتاز رہے اور دنیا بھر میں انہوں نے بے حد عزت پائی۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی فورموں پر ہمارا مقدمہ ازحد کامیابی سے پیش کیا اور اپنے دنیا بھر میں پھیلے ہوئے روابط پاکستان کے فائدے میں استعمال کئے۔ ان کی عدالتی معاملہ فہمی، بحث کرنے اور گفت و شنید کی مہارت چیلنج نہیں کی جاسکتی تھی۔ وہ ایک باکردار انسان تھے جن کا ریکارڈ صاف ستھرا اور ماورائے آئین ارادوں سے مبرا تھا۔ انہوں نے اپنے آپ کو سیاسی سازشوں سے دور رکھا اور چھٹی دہائی کے اخیر تک مختلف حیثیتوں میں پاکستان کی بے لوثی کے ساتھ خدمت کی''۔**

درست کہ چودھری ظفر اللہ خاں سیاسی جوڑ توڑ اور سازشوں سے دور رہے جبکہ قائداعظمؒ کا ایک دوسرا انتخاب ملک غلام محمد اپنے آپ کو اس دلدل سے دور نہ رکھ سکا، لیکن اس سے بطور وزیر خزانہ ان کی خدمات اور صلاحیت کارِ ختم تو نہیں ہو جاتی۔ جبکہ غلام محمد کے ان اوصاف کو قائداعظمؒ نے عوامی سطح پر حکومت پاکستان اور پاکستانی عوام کی طرف سے سراہا، جس کا ذکر پیچھے آ چکا ہے۔ ان خوبیوں کے باوجود اگر یہ شخص قائداعظمؒ کی وفات کے پانچ چھ برس بعد وزیراعظم کی برطرفی اور قومی اسمبلی کی برخاستگی جیسے سنگین منفی قدم اٹھاتا ہے، تو اس سے یہ کہاں ثابت ہوتا ہے کہ بطور وزیر خزانہ سرے سے اس کا انتخاب ہی غلط تھا۔ پھر اس غلطی کا سزاوار آپ کسی ایرے غیرے کو نہیں قائداعظمؒ جیسی ہستی کو قرار دے رہے ہیں۔ قائداعظمؒ کے ایک انتخاب چودھری ظفر اللہ خاں کی خوبیاں تو آپ کو نظر آ گئیں غلام محمد کی صرف خامی پر ہی آپ اس کے اچھے اقدامات بھی ماننے کے لئے تیار نہیں جبکہ خود قائداعظمؒ ان اقدامات کے معترف تھے۔

(قائداعظم۔ اعتراضات از حقائق از منیر احمد منیر (145 تا 155) پبلشر ماہنامہ آتش فشاں لاہور پرنٹر مکتبہ جدید پریس لاہور جنوری 2010ء)

میاں بیوی کے علیحدہ گھر میں رہنے میں کوئی حرج نہیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ فرماتے ہیں:۔

''مَیں نے کئی دفعہ بعض بچیوں سے پوچھا ہے، ساس سسر کے سامنے تو یہی کہتی ہیں کہ ہم اپنی مرضی سے رہ رہے ہیں بلکہ ان کے بچے بھی یہی کہتے ہیں لیکن علیحدگی میں پوچھو تو دونوں کا یہی جواب ہوتا ہے کہ مجبوریوں کی وجہ سے رہ رہے ہیں۔ اور آخر پر نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بعض دفعہ بہو ساس پر ظلم کر رہی ہوتی ہے اور بعض دفعہ ساس بہو پر ظلم کر رہی ہوتی ہے۔

حضرت مسیح موعود تو محبتیں پھیلانے آئے تھے۔ پس احمدی ہو کر ان محبتوں کو فروغ دیں اور اس کے لئے کوشش کریں نہ کہ نفرتیں پھیلائیں۔ اکثر گھروں والے تو بڑی محبت سے رہتے ہیں لیکن جو نہیں رہ سکتے وہ جذباتی فیصلے نہ کریں بلکہ اگر توفیق ہے اور سہولتیں بھی ہیں، کوئی مجبوری نہیں ہے تو پھر بہتر یہی ہے کہ علیحدہ رہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا یہ بہت عمدہ نکتہ ہے کہ اگر ساتھ رہنا اتنا ہی ضروری ہے تو پھر قرآن کریم میں ماں باپ کے گھر کا علیحدہ ذکر کیوں ہے؟ ان کی خدمت کرنے کا، ان کی ضروریات کا خیال رکھنے کا، ان کی کسی بات کو بُرا نہ منانے کا، ان کے سامنے اُف تک نہ کہنے کا حکم ہے، اس کی پابندی کرنی ضروری ہے۔ بیوی کو خاوند کے رحمی رشتہ داروں کا خیال رکھنا چاہئے، اس کی پابندی بھی ضروری ہے اور خاوند کو بیوی کے رحمی رشتہ داروں کا خیال رکھنا چاہئے، اس کی پابندی بھی ضروری ہے۔ یہ بھی نکاح کے وقت ہی بنیادی حکم ہے۔

پس اصل چیز یہ ہے کہ ایک دوسرے کا خیال رکھنا ہے اور ظلم جس طرف سے بھی ہو رہا ہو ختم کرنا ہے اور اس کے خلاف جہاد کرنا ہے۔ جیسا کہ مَیں نے ذکر کیا تھا کہ بعض مرد اس قدر ظالم ہوتے ہیں کہ بڑے گندے الزام لگا کر عورتوں کی بدنامی کر رہے ہوتے ہیں، بعض دفعہ عورتیں یہ حرکتیں کر رہی ہوتی ہیں۔ لیکن مردوں کے پاس کیونکہ وسائل زیادہ ہیں، طاقت زیادہ ہے، باہر پھرنا زیادہ ہے اس لئے وہ اس سے زیادہ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ لیکن یاد رکھیں کہ اپنے زعم میں جو بھی فائدہ اٹھا رہے ہوتے ہیں اپنے لئے آگ کا انتظام کر رہے ہوتے ہیں۔ پس خوفِ خدا کریں اور ان باتوں کو چھوڑیں''۔

(خطبہ جمعہ 10/ نومبر 2006ء، الفضل 3 جنوری 2007ء)

برف پوش بلندیاں، دشوار گزار راستے اور طالع آزمائی کی انسانی سرشت

درہ اٹر 4650 میٹر کا دلچسپ سفر

قسط دوم آخر

مکرم اعجاز احمد کلیم صاحب

چوتھا دن

اٹر بیس کیمپ تا یُدبُر

آج کا دن سب سے مشکل ثابت ہونے والا ہے کیونکہ آج آپ نے اٹر کا درہ پار کر کے یاسین کی وادی میں یُدبُر کے مقام پر پہنچنا ہے۔ ساڑھے سات سو میٹر کی کھڑی چڑھائی ہے جو آپ کے کئی گھنٹے لے سکتی ہے پھر یکدم اترائی آتی ہے۔ جو گھٹنوں میں تکلیف کا باعث بن سکتی ہے۔ صبح سویرے سامان باندھیں اور دعا کے ساتھ سفر کی شروعات کریں جہاں سے آپ کل نیچے اترے تھے وہیں سے دوبارہ اوپر کی طرف رخ کرلیں اور پگڈنڈی پر آجائیں یہ راستہ آپ کو چند ہی منٹ میں گھنی سرسبز جھاڑیوں میں لے جائے گا۔ زندگی میں راستوں کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں ہے۔ یہ ہمیں نہ صرف ایک دوسرے سے ملاتے ہیں بلکہ یہ ہمیں ہم سے ملاتے ہیں یہ ہمیں بتاتے ہیں کہ ہماری خوبصورتی کا معیار کیا ہے۔ خوبصورت مناظر پر نظر دوڑاتے ہوئے اپنا رخ ایک بار پھر پہاڑ کے اوپر کی جانب کرلیں اور گھنی سرسبز جھاڑیوں کے بیچ چڑھائی شروع کردیں۔ آج تو پہلا مرحلہ ہی بہت شدید ہے۔ بلندی مسلسل بڑھ رہی ہے اور ہوا میں سے آکسیجن مسلسل کم ہو رہی ہے۔ لطیف ہواؤں میں سانس دھونکنی کی طرح چلتی ہیں۔ پسینہ مسلسل بہہ رہا ہے۔ ہر قدم پہلے سے زیادہ مشکل محسوس ہوتا ہے۔ بہت دور اوپر پہاڑ کی بلندی پر سینگ نما چٹانیں دکھائی دیتی ہیں محسوس ہوتا ہے کہ شاید وہ چڑھائی کا اختتام ہے اور درہ وہیں پر ہے۔

یہ بات ذہن میں رکھتے ہوئے آپ اسی کو اپنی منزل مقصود کرلیتے ہیں اور آہستہ آہستہ اوپر کی جانب اپنا سفر جاری رکھتے ہیں۔ پاؤں پھسل سکتا ہے۔ جھاڑیاں بھی راستہ روکتی ہیں۔ مشکلات جابجا منہ کھولے آپ کے استقبال کے لئے موجود ہیں۔ آخر کار ڈیڑھ سے دو گھنٹے میں آپ ان سینگ نما چٹانوں کے قریب پہنچ جاتے ہیں معلوم ہوتا ہے۔ آپ شدید غلط فہمی کا شکار تھے یہ تو ایک سراب تھا۔ نظروں کا دھوکا تھا یہاں سے تو ابھی درے کا بلند ترین مقام دکھائی بھی نہیں دیتا۔ ابھی نہ جانے کتنا سفر باقی ہے نہیں معلوم یہ سفر کب اختتام پذیر ہوگا۔ لیکن اتنی جلدی بھی کیا ہے ابھی تو دن کا آغاز ہے بہت سے مرحلے باقی ہیں۔ شروع ہی میں ایسی سوچ ٹھیک نہیں۔ برے برے منہ بناتے ہوئے ایک بار پھر آگے کی طرف روانہ ہوجائیں۔ چڑھائیاں چڑھتے جائیں اوپر دیکھنا چھوڑ دیں بائیں طرف پہاڑ میں ایک کٹاؤ آرہا ہے جس میں سے چنگھاڑتے پانی کی خوفناک آوازیں آرہی ہیں لیکن پانی دکھائی نہیں دیتا۔ کٹاؤ کے پرلی جانب برفوں سے نیچے سبزہ ہے۔ جہاں ان گنت یاک گھاس چر رہے ہیں کوئی بھولا بھٹکا یاک آپ کی طرف بھی آسکتا ہے۔ رک رک کر سانس لیتے ہوئے آپ آگے بڑھتے جائیں۔ بلندی بڑھنے کے ساتھ ساتھ شور مچاتا پانی قریب آرہا ہے اور ایک موقع پر نظر آنے لگتا ہے۔ یہیں سے درے کا بلند ترین مقام دکھائی دیتا ہے۔ جو ابھی کئی میل دور ہے۔ انسان بے اختیار رو اٹھتا ہے کیونکہ یہ جتنا دور ہے اتنا ہی بلند بھی محسوس ہوتا ہے اور اس بلندی کو آپ نے اپنے قدموں سے طے کرنا ہے۔ اپنے پیچھے نظریں دوڑاتے جائیں تو سفر کا اگلا مرحلہ اتنا مشکل نظر نہیں آتا کیونکہ پچھلی وادی کے مناظر آنکھوں کو بھلے محسوس ہوتے ہیں۔ فطرت کی امن وآشتی آپ کے اندر سرایت کرجاتی ہے۔ جیسے آفتاب سی پُرحدت نرم کرنیں درختوں میں۔ یقیناً درپیش آنے والے مشکلات کے طوفان آپ کو توانا بنا دیں گے۔ جبکہ سہل پسندی آپ کو یوں گرادے گی جیسے درختوں سے گرتے ہوئے پتے۔

ایک بار پھر آگے بڑھنا شروع کریں اب چڑھائی زیادہ تر پتھروں پر ہے جو زیادہ بڑے نہیں ہیں۔ بعض اوقات انتہائی چھوٹے پتھروں پر پاؤں اندر دھنس جاتے ہیں۔ اردگرد پہاڑوں سے برفیں نیچے تک اتری ہوئی ہیں۔ جابجا برف کے کئی قطعات پر سے گزرنا پڑتا ہے۔ جو ایک تکلیف دہ مرحلہ ہے کیونکہ برف نرم ہے۔ پاؤں اندر دھنستا ہے۔ اچانک ایک چڑھائی کے بعد منظر انتہائی خوبصورت ہو جاتا ہے۔ ایک بلند ہوتا برفانی میدان نگاہوں کے سامنے ہے تاحد نگاہ برف ہی برف ہے۔ کہیں کہیں برفوں کے بیچ میں سے پتھر جھانکتے ہیں وادی سکڑ گئی ہے۔ بائیں طرف کے پورے پہاڑ پر برف یوں دکھائی دیتی ہے جیسے کسی نے برف کا پلستر کیا ہو۔ آپ اللہ کا نام لے کر برف پر آجائیں اور آہستہ آہستہ بلند ہوتے چلے جائیں۔ برف پر چڑھائی بہت مشکل کام ہے۔ ایک قدم آگے رکھیں تو دو قدم پیچھے پھسل جائیں۔ سنبھل کر ایک بار پھر آگے بڑھنے کی کوشش میں لگ جائیں۔

بہت دیر بعد برفیں ختم ہوتی ہیں اور اب آپ اور درے کے بیچ صرف ایک سو پچیس میٹر کی دوری ہے۔ ایک سو پچیس میٹر بہت تھوڑے ہیں لیکن یہی سب سے زیادہ ہیں۔ یہ تو ایک سو پچیس میل سے بھی زیادہ محسوس ہوتے ہیں کیونکہ ایسی کھڑی چڑھائی شاید آپ نے پہلے کبھی نہ دیکھی ہو۔ ذہن مفلوج ہوجاتا ہے اور خیال پیدا ہوتا ہے کیا ہم یہاں اوپر جاسکیں گے۔ جی ہاں! آپ نے آگے جانا ہے ضرور جانا ہے خدا کا نام لیں اور راستے پر قدم رکھ دیں یہ راستہ پھولوں کی سیج ہرگز نہیں ہے یہ تو پہاڑوں کا راستہ ہے جس میں ہر طرف چٹانیں بکھری پڑی ہیں۔ یہ مسلسل اوپر جارہا ہے آگے بڑھ رہا ہے شاید سورج کی طرف یا اس سے بھی دور۔

اس راستے پر رفتار دھیمی پڑ جاتی ہے۔ لیکن چڑھائی چڑھتے ہوئے ناک پہاڑ کو لگتی ہے۔ پیروں کے ساتھ ساتھ ہاتھوں کا استعمال بھی شروع ہو جاتا ہے۔ کئی مقامات پر ہاتھ سہارا دیتے ہیں تو کئی مقامات پر پاؤں اور کہیں کہیں ہاتھ اور پیر دونوں کا استعمال کرتے ہوئے چوپائے کی طرح چلنا پڑتا ہے۔ اپنا وجود بے حقیقت دکھائی دیتا ہے وقت کا احساس ختم ہو جاتا ہے۔ جسم کی کیفیت ایسی ہے کہ اس کو بیان کرنے کے لئے الفاظ نہیں ہیں۔ یہ کھڑی چڑھائی بدترین آزمائش ہے۔ شاید پچھلا سارا راستہ اتنا مشکل نہ تھا جتنا کہ یہ آخری مرحلہ نہ تو آپ اوپر دیکھتے ہیں اور نہ نیچے۔ یہ بات بھی بھول جاتی ہے کہ آپ ٹریکنگ کے لئے یہاں آئے ہیں۔ وحشت زدہ ذہن کے ساتھ آپ جوں کی رفتار سے بلند ہورہے ہیں اور جب آپ منزل کے قریب پہنچتے ہیں اور درہ صرف چند میٹر کے فاصلے پر رہ جاتا ہے تو آپ کی رفتار یکدم بڑھ جاتی ہے لیکن بڑھتی رفتار کے ساتھ جذبات پر قابو رکھیں۔ کیونکہ نیچے گرنے کا خطرہ اوپر پہنچنے کی خوشی سے کہیں زیادہ ہے۔ آخر کار آپ درے کے بلند ترین مقام پر پہنچ جاتے ہیں جس کی بلندی (4650 میٹر) ہے۔ دراصل آپ نے پہاڑ فتح نہیں کیا بلکہ اپنے آپ کو فتح کیا ہے۔ یہاں پہنچ کر صحیح معنوں میں مناظر سے لطف اندوز ہوا جاسکتا ہے۔ وادی اشکومن کی جانب ایک عظیم الشان اکھاڑے کا منظر دکھائی دیتا ہے۔ جس کو چاروں طرف سے گولائی میں برفانی چوٹیوں اور لاتعداد گلیشئروں نے گھیر رکھا ہے۔ ان پہاڑوں کے بیچ میں بالکل اٹر کے درے کے سامنے دور گلتر کے درے کا بلند ترین مقام دکھائی دیتا ہے۔ گلتر کے درے سے گزر کر ہانڈس (کچھ دیر پہلے ہانڈس کا ذکر گزر چکا ہے) کے مقام کے قریب پہنچا جاسکتا ہے۔ جبکہ گلتر کے درے سے ذرا دائیں طرف برفوں میں لپٹا ہولوجت کا درہ دکھائی دیتا ہے جس پر چڑھنا عام آدمی کے بس کی بات بہرحال نہیں ہے۔ ہولوجت کے درے سے گزر کر درہ پانجی () کے دامن میں ہولوجت کے مقام پر اترا جاسکتا ہے۔ درہ اٹر کی مغربی جانب برف کی ایک دیوار نے راستہ بند کر رکھا ہے۔ اس دیوار پر چڑھیں تو ان گنت گلیشئر دکھائی دیتے ہیں۔ منظر واقعی قابل دید ہے۔ اگر آپ اپنی ذات سے باہر سچائی تلاش کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو یہاں آنا پڑے گا۔ اس دور افتادہ بلندی پر اور آپ ہر قدم پر سچائی کو پائیں گے۔ درحقیقت آپ اپنے آپ کو ان مناظر میں ضم ہوتا محسوس کریں گے۔ درے پر زیادہ وقت نہیں گزارا جاسکتا۔ وادی یاسین کی جانب اترنے کی تیاری شروع کردیں۔ بہت سی مشکلات کو آپ جھیل چکے ہیں۔ لیکن اب آپ کو احساس ہوگا کہ پہلے آپ نے کچھ بھی نہیں کیا اصل کام تو اب شروع ہوگا۔ خوبصورت مناظر میں گم ہوکر آپ نے اس بات کو فراموش کردیا کہ نیچے بھی اترنا ہے اور نیچے جانے کا راستہ کہیں بھی دکھائی نہیں دیتا۔ برف کی دیوار پر چڑھ جائیں اور نیچے دیکھیں تو روح فنا ہوتی جاتی ہے۔ نوے درجے کے زاویے پر سیدھی برف کی دیوار ہے۔ جہاں سے آپ نے نیچے اترنا ہے۔ نوے درجے پر اترنا بھی شاید اتنا مشکل کام نہیں ہے۔ حقیقت یہ ہے آپ برف کے ایک چھجے پر کھڑے ہیں۔ جس کی موٹائی تقریباً دو میٹر ہے۔ اس کے بعد اس کے نیچے خوفناک دراڑ ہے جو اوپر سے دکھائی نہیں دیتی خوف کی ایک شدید لہر ریڑھ کی ہڈی کے راستے سارے جسم میں سرایت کرجاتی ہے اور یہ بات ذہن میں ضرور آتی ہے کہ

کجھ انج وی راہواں اوکھیاں سن
کجھ مینوں مرن دا شوق وی سی

ایک لمحے کے لئے یہ خیال بھی اترتا ہے کہ یہیں سے واپس چلے جائیں لیکن پھر یہ سوچ اس خیال سے ختم ہو جاتی ہے کہ پیچھے چار دن ہیں اور آگے صرف ایک دن اگر پیچھے مڑ کر دیکھا تو پتھر کے نہ ہوجائیں لہٰذا صرف آگے کی سوچیں۔ درے سے اترے بغیر تو آپ درکوت کبھی بھی نہ پہنچ سکیں گے۔ برف پر چڑھ کر اپنے آپ کو انتہائی دائیں جانب رکھتے ہوئے درے کے دائیں جانب آجائیں۔ پہاڑ کی جڑ کے قریب پہاڑ کے ساتھ جڑ کر آگے بڑھیں دو یا تین منٹ میں آپ اس مقام پر پہنچ جائیں گے جہاں سے آپ نے نیچے اترنا ہے یوں کہنا چاہئے کہ نیچے گرنا ہے کیونکہ اس کو اترنا کہنا ہرگز مناسب نہیں ہے۔ راستہ غائب ہے۔ مہیب گہرائی دکھائی دیتی ہے۔ جس کو دیکھ کر چکر سا آجاتا ہے۔ ساری چوکڑی بھول جاتی ہے۔ اپنا دایاں ہاتھ پہاڑ پر اور بائیں ایک پتھر پر رکھیں اور نظر آتی چھوٹی سی گگر پر قدم جمانے کی کوشش کریں۔ مصیبت یہ ہے کہ پگھلتی برفوں کے ساتھ جگہ نرم ہوتی رہتی ہے۔

بظاہر خشک جگہ اندر سے گیلی ہے اور کسی بھی وقت نیچے گہرائیوں کے سفر پر روانہ ہوسکتی ہے۔ پھر پہاڑ پر ہاتھ رکھتے ہوئے نیچے والی گکر پر پاؤں جمائیں اور اسی طرح نیچے اترتے چلے جائیں۔ محسوس ہوتا ہے کہ جیسے آپ ایک اندھے کنویں میں اتر رہے ہیں۔ دل سہم کر یوں اچھلتا ہے کہ جیسے حلق سے باہر آجائے گا۔ خوف کے مارے آنکھیں بند کرنے کو جی چاہتا ہے لیکن مجبوری ہے۔ آنکھیں کھلی رکھتے ہوئے آگے بڑھنا ہے۔ جانے کتنی دیر بیت چکی ہے۔ لمحے صدیوں پر محیط لگتے ہیں۔ بالآخر مصیبت کی یہ گھڑیاں کسی قدر ختم ہوتی ہیں اور آپ کسی قدر آسان زاویے کی اترائی پر پہنچ جاتے ہیں۔ آسان تو یہ بھی نہیں لیکن اس کو گرنے کی بجائے کسی قدر اترنا کہا جاسکتا ہے۔ لیکن راستہ تو یہاں بھی نہیں ہے رک کیوں گئے؟ قدم بڑھائیں، راستہ تو تب وجود میں آئے گا جب آپ اس جگہ پر قدم رکھیں گے پہلے یہ واقعی راستہ نہیں تھا یہاں سے مزید نیچے نرم بجری پر اترتے چلے جائیں نرم بجری کے نیچے برف ہے جو جوتوں میں بھر جاتی ہے۔ بجری اور برف کی جوتے میں موجودگی چلنے کو مزید دشوار کرتی ہے لیکن یہاں دشواریوں کے سوا اور کیا ہوسکتا ہے جب بجری پر اترائی ختم ہوتی ہے تو درہ اٹر کی طرف سے اترنے والی برف کی دیوار تقریباً 20 درجے کا زاویہ بناتی ہوئی نیچے جاتی دکھائی دیتی ہے۔ اگر پیچھے درے کی طرف دیکھیں تو دل دھک سے رہ جاتا ہے درے سے بالکل نیچے برفانی دیوار میں ایک خوفناک دراڑ ہے جس کو پانی کی باریک چادر نے ڈھانپا ہوا ہے برفوں کی سفیدی میں ہلکا سبزی مائل رنگ یکبار دل کو خوف کی کیفیت میں جکڑ لیتا ہے اور بے اختیار خدا کا شکر لبوں پر آجاتا ہے کہ آپ کسی طرح موت کے منہ سے نکل کر نیچے پہنچنے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔ بجری سے اتر کر برف پر آجائیں اور کہیں چلتے ہوئے اور کہیں پھسلتے ہوئے آگے بڑھتے جائیں۔ ہر اٹھنے والا قدم پہلے سے بہتر ہے کیونکہ بلندی مسلسل کم ہورہی ہے۔ سانس آہستہ آہستہ بحال ہورہا ہے کچھ دیر بعد برف ختم ہوتی ہے اور ایک بار پھر نرم بجری کا لامتناہی سلسلہ شروع ہوجاتا ہے لیکن اب چلنا اتنا زیادہ دشوار محسوس نہیں ہوتا۔ اترائی پر سفر تیزی سے جاری رہتا ہے سامنے دور گھاس کے میدان دکھائی دے رہے ہیں۔ جن کے پاس گھاس پر ڈھلوانیں ہیں۔ مسلسل پتھروں اور برفوں پر آپ نیچے اترتے چلے جاتے ہیں۔ پتھروں کا سلسلہ موقوف ہوتا ہے اور آپ اپنے آپ کو ایک تنگ پگڈنڈی پر پاتے ہیں یاد رہے درے سے اتر کر آپ نے تمام تر سفر وادی کے دائیں ہاتھ کے پہاڑ کے قریب کیا ہے۔ پگڈنڈی آگے بڑھتی جارہی ہے اور سفر تیزی سے جاری ہے۔ بعض اوقات پگڈنڈی سے اترنا پڑتا ہے کیونکہ پگڈنڈی غائب ہے دوبارہ چڑھائی کرنا پڑتی ہے۔ راستہ پُر پیچ ہے اور گھٹنے ڈھلوانوں پر سفر کرتے کرتے شل ہوچکے ہیں۔ ہر لمحہ امتحان ہے اور قدم آزمائش۔ اب راستہ مڑ رہا ہے بائیں طرف بہت نیچے جت بار کا دریا ہے جس کی آواز ہوا کے دوش پر کانوں میں سرسراہٹیں پیدا کرتی ہے۔ دریا پر بیشمار برف کے بنے پل ہیں جو انسان کو یکبار حیرت میں مبتلا کرتے ہیں۔ اب مزید سفر کی ہمت نہیں ہے۔ پیچھے درے کے خوبصورت مناظر پر نظریں دوڑاتے ہوئے درے کو الوداع کہیں اور آگے بڑھیں۔ تھکاوٹ کے مارے آنکھوں کے آگے اندھیرا آتا ہے۔ اسی پگڈنڈی پر سفر کرتے ہوئے جانے کتنی دیر بیت جاتی ہے اور آپ دائیں طرف سے اترنے والا ایک بڑے نالے پر پہنچتے ہیں۔ جس پر پل کی عدم موجودگی اس بات کو ثابت کرتی ہے کہ آپ نے اس نالے کے بیچ میں سے گزر کر پار اترنا ہے۔ کل والا نالہ یاد آتا ہے لیکن اس میں پانی گہرا ہے اور چوڑائی کم ہے جوتے اتارلیں اور خدا کا نام لے کر پانی میں اتر جائیں گزرے کل کی کیفیت دوبارہ طاری ہوجاتی ہے جب گھٹنے بھی پانی میں ڈوبتے ہیں تو خوف طاری ہوتا ہے لیکن مزید آزمائش سے پہلے ہی دوسرا کنارہ آجاتا ہے اور آپ بخیریت اس مرحلے سے گزر جاتے ہیں۔ پاؤں خشک کر کے دوبارہ جوتے پہنیں اور آگے چل پڑیں۔ تقریباً آدھے گھنٹے بعد اچانک ایک ٹیلے کے پیچھے سے دو پتھروں کے بنے چھوٹے چھوٹے جھونپڑے نمودار ہوتے ہیں۔ لیجئے آپ کی آج کی منزل آگئی۔ یہ جگہ یُدبُر کہلاتی ہے۔ تقریباً 3600 میٹر کی بلندی پر یہ شب بسری کے لئے انتہائی مناسب جگہ ہے۔

پانچواں دن

یُدبُر تا درکوت

صبح قبل از طلوع آفتاب سفر کا آغاز کریں آج آپ کا زیادہ تر وقت سرسبز گھاس کے میدانوں میں ہے۔ سفر شروع کرتے ہی چند منٹ کے بعد دائیں طرف سے ایک ذیلی وادی سے بلندی سے گرتا ایک بڑا نالا آتا ہے۔ پتھروں سے سر پھوڑتے نالے کو ایک چھوٹے سے پُل سے عبور کریں۔ یہ نالا اس درے کی طرف سے آرہا ہے جو اٹر جھیل پار کرنے کے بعد دائیں طرف دکھائی دیتا ہے۔ آپ گھاس پر چلتے ہیں کبھی میدانوں میں اور کبھی تنگ پگڈنڈیوں پر جت بار کا دریا مسلسل آپ کا ساتھ دے رہا ہے۔ زیادہ تھکاوٹ محسوس نہیں ہوتی۔ تقریباً دو گھنٹے بعد اچانک ایک چڑھائی آتی ہے جونہی چڑھائی ختم ہوتی ہے۔ اچانک ایک بستی کو دیکھ کر حیرت دوچند ہوجاتی ہے۔ اس بستی کا نام ''مثل ہرنگ'' ہے۔ بلندی تقریباً 3300 میٹر ہے۔ یہاں دریا بالکل قریب ہے۔ بستی والوں سے سلام دعا کے بعد آپ دریا کے کنارے آتے ہیں۔ جہاں پر کوئی پل موجود نہیں ہے۔ دائیں طرف ایک بلند برف پوش پہاڑ دکھائی دیتا ہے جس پر اطراف سے چھیانٹر کے گلیشئر کی برفیں نیچے جھکی پڑی ہیں۔ یہاں سے چھیانٹر گلیشئر کے راستے صرف دو دن میں بروغل پہنچا جاسکتا ہے۔ چھیانٹر گلیشئر کی طرف سے آنے والا بڑا نالہ اور جت بار کا دریا مل کر نیو بار کا دریا بناتے ہیں جس کے بائیں کنارے چلتے ہوئے آپ نے آگے بڑھنا ہے لیکن یہ تو بعد کی باتیں ہیں۔ آپ کی آخری آزمائش جت بار کے دریا کو پار کرنا ہے جو سفر کے آخری مرحلے میں ایک بار پھر آپ کو یاد دلائے گا کہ آپ درہ اٹر سے اتر کر آرہے ہیں دریا کو غور سے دیکھیں کہ کہاں سے اس کا پاٹ سب سے کم ہے۔ لیکن یہ تو سب جگہ سے ایک جیسا ہی دکھائی دیتا ہے۔ اگر ایسی جگہ دکھائی نہیں دیتی تو ایسا مقام تلاش کریں جہاں دریا کے بیچ پتھر زیادہ ہوں۔ لیجئے ایسی جگہیں تو بیشمار ہیں کوئی مناسب جگہ تلاش کریں اور جوتے اتارلیں



پائنچے اوپر کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ جتنا بھی اونچا کرلیں۔آپ نے بھیگنا ہی بھیگنا ہے۔کم ازکم پائنچے نیچے رکھ کر آپ برف ہوتے پانی سے اپنی ٹانگوں کو برف ہونے سے کسی حد تک محفوظ رکھ سکتے ہیں۔پانی کی گہرائیاں اورٹھنڈک یکبار خوف میں مبتلا کرتی ہیں لیکن یہ بات ناممکن ہے کہ اب آپ واپسی کی راہ اختیار کریں۔خدا سے سلامتی کی دعا کریں اور دریا میں اپنے آپ کولہروں کے حوالے کردیں۔اب آپ کوصحیح معنوں میں ''لطف'' آئے گا۔ پیروں اور ٹانگوں کی ٹھنڈک دماغ کو ماؤف کرتی ہے انسان بوکھلا جاتا ہے کیونکہ پاؤں پھسلتے ہی پانی ٹخنوں سے پنڈلیوں تک آجاتا ہے۔اگلا قدم گھٹنوں تک آپ کو بھگوتا ہے۔پانی کی تیزی آپ کو راستے سے بھٹکا دیتی ہے۔پانی کی گہرائیاں منہ کھولے سامنے ہیں۔آپ آگے بڑھتے ہیں اور پانی دائیں سمت میں آپ کو گراتا ہے۔جسم مسلسل ڈولتا ہے۔چھڑی کے ساتھ سہارا لینا مشکل ہے کیونکہ چھڑی رکھنے کے لئے جگہ نہیں ہے۔یہ خطرہ بہت شدید ہے کہ کہیں آپ گر نہ جائیں کیونکہ گرنے کی صورت میں صرف صور اسرافیل ہی جگائے گا۔گھٹنوں سے پانی رانوں تک آتا ہے اور جسم کی ساری گرمی برف ہوجاتی ہے۔ہوش وحواس گم ہوجاتے ہیں۔عام حالات میں اتنی گہرائی اہمیت نہیں رکھتی لیکن پانی کی رفتار شور اور ٹھنڈک اس گہرائی کو درحقیقت ایک چوہے دان ثابت کررہے ہیں جس میں آپ پھنس چکے ہیں یوں لگتا ہے کہ جیسے آخری وقت آگیا ہے۔

چھوٹے چھوٹے پتھر تیروں کی طرح پیروں کو لگتے ہیں جو کسی قیامت سے کم نہیں اور آپ کو علم ہے کہ قیامت کا دن بہرحال بہت طویل ہے۔ جانے یہ طوالت ختم ہوگی یا نہیں اچانک گہرائیاں کم ہونے لگتی ہیں۔قدم اٹھتے ہی گہرائی گھٹنوں تک آتی ہے اور اگلا قدم پنڈلیوں تک اور پھر اتنی ہی گہرائی میں سفر کرتے کرتے آپ دوسرے کنارے پر پہنچ جاتے ہیں۔باہر نکلنے کے لئے بھی راستہ تلاش کرنا پڑتا ہے کیونکہ کنارہ بلند ہے اور بالکل سیدھا جس پر چڑھنا ناممکن ہے۔کسی ایسی جگہ کو ڈھونڈیں جہاں آپ اوپر چڑھ سکیں بہرحال آپ کسی نہ کسی طرح پرلے کنارے پر پہنچ ہی جاتے ہیں۔ پیچھے مڑ کر دیکھیں تو وہ جگہ دکھائی نہیں دیتی۔ جہاں سے آپ نے دریا میں قدم رکھتے تھے وہ جگہ تو بہت پیچھے رہ گئی۔آپ نے دریا کو بالکل سیدھے پار نہیں کیا پانی کی تیزی نے آپ کو راستے سے بھٹکا دیا اور آپ کہیں اور جاکر نکلے اب اس طوالت کا احساس ہوتا ہے جس نے دریا کے چھوٹے پاٹ کو اتنا بڑا کردیا۔کنارے پر بیٹھ جائیں۔ بیٹھ جانے کی بجائے ڈھے جائیں کہنا زیادہ مناسب ہوگا۔دھوپ مزہ دیتی ہے۔کتنی دیر بعد معلوم ہوتا ہے کہ ٹانگیں اور پاؤں جسم کا حصہ ہیں۔ دوران خون آہستہ آہستہ بحال ہوتا ہے۔ دوبارہ جوتے پہنیں اور ایک بار پھر سفر کے لئے تیار ہو جائیں۔اب سب آزمائشیں ختم ہیں صرف پگڈنڈیوں پر سفر ہے۔راستہ مڑ رہا ہے آپ کا رخ کسی قدر شمال مغرب کی طرف ہوتا ہے اور آپ نیوبار کے دریا کو دائیں طرف رکھتے ہوئے اپنے سفر کو جاری رکھتے ہیں۔دور درکوت گاؤں کے پرلی طرف واقع پہاڑوں پر سے کئی گلیشئر اطراف میں پھیلے دکھائی دیتے ہیں۔ تقریباً ڈیڑھ سے دو گھنٹے بعد تنگ پگڈنڈیوں کا سفر ختم ہوتا ہے اور آپ ایک ہلکی چڑھائی کے بعد ''ماستل'' پہنچتے ہیں۔ جہاں وادی یاسین کے گاؤں ہندر کے کچھ مکین اپنے مال مویشیوں کے ساتھ موجود ہیں۔ممکن ہے کہ وہاں کوئی مرد موجود نہ ہو لیکن خواتین بھی بخوبی جانتی ہیں کہ مہمان نوازی کے تقاضوں کو کیسے پورا کیا جاتا ہے۔ایلومینیم کے برتن میں میٹھا دہی اور بعد میں چائے ساری تھکن کو بھلا دیتی ہے۔کچھ دیر دم لینے کے بعد ایک بار پھر آگے چل دیں۔سامنے ذرا فاصلے پر ''ہاپے'' کی بستی دکھائی دیتی ہے وہاں سے ایک راستہ بائیں طرف اوپر کی طرف جاتا دکھائی دیتا ہے۔ یہ راستہ درہ پانچی اور درہ اشکومن کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔آپ سیدھا آگے بڑھتے چلے جائیں۔ نیوبار کا دریا انتہائی گہرائیوں میں پتھروں سے ٹکراتا اور شور مچاتا ہوا اپنی انجانی منزل کی طرف رواں دواں ہے۔آگے تنگ پگڈنڈی شروع ہو جاتی ہے۔ دائیں طرف ڈھلوان پر سرسبز جھاڑیاں ہیں۔ یہاں سے پگڈنڈی چھوڑ دیں اور جھاڑیوں کے بیچ ڈھلوان پر اترنا شروع کردیں۔ بلندیوں سے پستیوں کا سفر شروع ہو چکا ہے۔تقریباً بیس سے پچیس منٹ میں آپ دریا کے قریب پہنچ جاتے ہیں۔ ایک بار پھر پگڈنڈی کا سفر شروع ہوتا ہے جابجا راستہ غائب ہے۔دریا کی پھوار چہرے پر پڑتی ہے۔راستے کی عدم موجودگی طبیعت پر ناگوار گزرتی ہے۔آخرکار دور دریا پر ایک پُل دکھائی دیتا ہے۔پُل سے ذرا پرے ہانسر بار اور نیوبار کا دریا ملتے ہیں۔پُل سے دریا پار کریں اور پرلے کنارے پر دریا کو اپنے بائیں ہاتھ رکھتے ہوئے پانی کی چھوٹی سی نالی کے کنارے سفر شروع کردیں۔آہستہ آہستہ دریا دور ہوتا جائے گا۔اصل میں دریا تو اپنی جگہ پر ہے آپ خود دریا سے دور ہورہے ہیں۔کچھ دیر بعد آپ مردین پہنچتے ہیں۔سفر جاری رکھیں آدھ گھنٹے میں آپ ایک نالے کو جو دائیں طرف سے نیچے اترتا ہے۔ پتھروں سے پار کرتے ہیں۔ یہاں سے گاشوگول کے راستے ایک 5700 میٹر اونچا اور مشکل درہ پار کرکے چھیانٹر گلیشئر کے راستے بروغل میں شوارشیر کے مقام پر پہنچا جاسکتا ہے۔ یہاں سے چند منٹ کے فاصلے پر سوارے کا مقام ہے۔سوارے کے بعد آپ گاملتی پہنچتے ہیں۔ گاملتی سے پہلے علم بار کا نالہ پار کرنا پڑتا ہے۔تیزی سے اترائی کا سفر جاری ہے۔آپ درکوت کے نواح میں داخل ہوتے ہیں۔ بہت نیچے دور درکوت کا گاؤں نظر آتا ہے۔ ایک واضح اور ڈھلوانی راستہ نیچے کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔یہ راستہ گرد سے اٹا پڑا ہے لیکن منزل کو سامنے دیکھتے ہوئے تھکن کا احساس جاتا رہتا ہے۔تیزی سے نیچے اترتے چلے جائیں ایک پگڈنڈی ختم ہوتی ہے تو دوسری اس کی جگہ لے لیتی ہے۔ بیشمار پگڈنڈیاں اترنے کے بعد آپ درکوت کے گاؤں پہنچ جاتے ہیں۔اتنے دنوں کے بعد بہت سے لوگوں کو دیکھ کر احساس ہوتا ہے کہ دنیا میں پہاڑوں کے سوا بھی کچھ ہے۔ درکوت تقریباً 2700 میٹر کی بلندی پر واقع ہے۔ یہاں ہندر کے لئے سالم جیپ دستیاب ہے۔ یاد رہے درکوت سے درہ درکوت (4650 میٹر) پار کرکے بروغل میں چکار کے مقام تک پہنچا جاسکتا ہے۔

گاملتی (وادی اشکومن) سے درکوت (وادی یاسین) کا یہ ٹریک ختم ہوا۔آپ نے حسن فطرت کی خوب کھوج کی۔ یقیناً آپ اس کھوج کو ختم نہ کریں گے۔آج کی کھوج کا اختتام یقیناً ایک نئی کھوج کا آغاز ثابت ہوگا۔یقیناً یہ بات قابل فخر ہے کہ کیا یہی حسن و دلکشی ہے مادر وطن میں کہ جس میں ہم آسودہ خاطر ہیں۔اس کی تروتازگی اور شادابی کے سوا دنیا میں کوئی تروتازگی اور شادابی نہیں، اس کی گلوں سے لہکتی مہکتی اور ہواؤں کے سوا کل کائنات میں ہواؤں کا وجود فنا ہوگیا۔ ہمارے لئے اس کی یہی خوبصورتی کافی ہے۔ اس کے جنگلوں میں سندرتا پروان چڑھتی ہے اور پربتوں کی سربفلک چوٹیاں سروں پر برفوں کا تاج سجائے ہر لحظہ اس کی عظمت اور جاہ وجلال میں اضافے کا باعث ہیں۔

اگرچہ اب آپ دوبارہ شہروں کا رخ کرچکے ہیں لیکن آپ کا دل اور روح تو وہیں پر ہے، ان پہاڑوں میں، گہرے نیلے آسمان میں، اس منزہ حسن خلوت میں، اس سے ملنے والی خوشی اور آسودگی میں جو آنے والے دنوں اور سالوں میں زیادہ مسحور کن، زیادہ نشاط آمیز اور زیادہ ناقابل فراموش ہوتی چلی جائے گی۔

☆......☆......☆

شکرانہ کا گیت

سبحان اللّٰہ وبحمدہ سبحان اللّٰہ العظیم

